# PAKISTAN OXYGEN LIMITED

## NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ پاکستان آکسیجن لمیٹڈ کا 71 واں سالانہ اجلاس عام بذریعہ ویڈیو لنک مورخہ 21 اپریل 2020 بروز منگل، بوقت 10.00 بجے صبح کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر بمقام ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ کراچی میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا:

## عمومی کارروائی

۱۔ کمپنی کے مالیاتی اسٹیٹمنٹس برائے سال مختتمہ 31 دسمبر 2019 مع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹ وصول کرنا اور ان پر غور کرنا۔

۲۔ کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر کرنا اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔

## خصوصی کارروائی

۳۔ کمپنی کے غیر تخصیص شدہ منافع سے 65,100,672 روپے کی رقم کو 6,510,067 بونس شیئرز کے اجراء کیلئے مخصوص کرنا جو 14 اپریل 2020 کو کاروباری اوقات کے اختتام پر موجود کمپنی کے ممبران کو ہر 10 عمومی حصص کے عوض 2 عمومی حصص کے تناسب سے جاری کئے جائیں گے۔

۴۔ اس بات پر غور کرنا اور اگر درست معلوم ہو تو کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اس کا اختیار دینا کہ وہ کمپنیز آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 74 کی رو سے وقتاً فوقتاً بورڈ کے تعین کردہ طریقے کی بنیاد پر کمپنی کے ڈائریکٹرز کو قابل ادائیگی فیس کا تعین کریں بشمول موجودہ کو متاثر کئے بغیر، بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبرز کیلئے اور ڈائریکٹرز کی ہر کمیٹی کے ممبرز کیلئے اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین کیلئے اور ڈائریکٹرز کی کسی بھی کمیٹی کے چیئرمین کیلئے مذکورہ بالا مقصد کی خاطر مختلف فیسوں کا تعین کرنا اور درست معلوم ہو تو درج ذیل قرارداد کو بطور خصوصی قرارداد پاس کرنا:

"طے پایا کہ اس خصوصی قرارداد کے ذریعے کمپنی کے ڈائریکٹرز کا بورڈ اس بات کا مجاز ہوگا اور ہے کہ کمپنیز آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 74 کی رو سے وقتاً فوقتاً بورڈ کے تعین کردہ طریقے کی بنیاد پر کمپنی کے ڈائریکٹرز کو میٹنگز کی قابل اِدائیگی فیس کا تعین کریں بشمول موجودہ کو متاثر کئے بغیر، بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبرز کیلئے اور ڈائریکٹرز کی ہر کمیٹی کے ممبرز کیلئے اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین کیلئے اور ڈائریکٹرز کی کسی بھی کمیٹی کے چیئرمین کیلئے مختلف فیسوں کا تعین کرے۔"

بحکم بورڈ

مظہر اقبال
کمپنی سیکریٹری

کراچی: 26 فروری 2020

## نوٹس:

ا۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ 15 اپریل تا 21 اپریل 2020 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔

۲۔ کوئی ممبر جو سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ ڈالنے کا حقدار ہے، وہ اپنی جگہ دوسرے ممبر کو شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کیلئے پراکسی مقرر کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔ اس تقرر کردہ پراکسی کو اجلاس میں بولنے اور ووٹ دینے کے وہی حقوق حاصل ہوں گے جو ممبر کو ہیں۔ پراکسی کے مؤثر ہونے کیلئے اس کی اطلاع کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس شروع ہونے کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے وصول ہونا لازمی ہے۔ پراکسی کیلئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری ہے، سوائے کارپوریشن کے کمپنی ممبر ہونے کی صورت میں، اس کا کوئی افسر یا کوئی اور فرد پراکسی ہوسکتا ہے خواہ وہ کمپنی کا ممبر نہ ہو۔

۳۔ ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے اس پتہ یا بینک مینڈیٹ میں کسی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر مطلع کریں جو کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس۔ایم۔سی۔ایچ۔ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 کے پاس رجسٹرڈ ہے۔

۴۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر 1 مجریہ 26 جنوری 2000 میں درج رہنما ہدایات کی پیروی بھی کرنا ہوگی۔

### الف اجلاس میں شرکت کیلئے:

(i) انفرادی حیثیت میں کوئی اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا کوئی فرد جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور اس کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطہ کے مطابق اپ لوڈ ہیں، ان کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کے لئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں اجلاس میں شرکت کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ فرد کے نمونہ کے دستخط (اگر پہلے سے فراہم نہ کئے گئے ہوں) فراہم کرنا ہوں گے۔

### ب پراکسیز کے تقرر کیلئے:

(i) انفرادی حیثیت میں کوئی اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا کوئی فرد جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور اس کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطہ کے مطابق اپ لوڈ ہیں، ان کو درج بالا شرائط کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

(ii) پراکسی فارم پر دو گواہوں کے دستخط ہونا لازمی ہیں جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر فارم پر درج ہوں۔

(iii) پراکسی فارم کے ساتھ بینیفیشیل اونرز اور پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں منسلک ہوں۔

(iv) پراکسی کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی مع نمونہ کے دستخط (اگر پہلے سے فراہم نہ کئے گئے ہوں) کمپنی کو فراہم کرنا ہوں گے۔

## CNIC/NTN جمع کرانا (لازمی) :

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے ایس آر او 831(1) / 2012 اور دیگر متعلقہ ضابطوں کے مطابق الیکٹرونک ڈیویڈنڈ پر نابالغ افراد اور کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کے سوا، رجسٹرڈ شیئر ہولڈر یا مجاز شخص کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کا نمبر درج ہونا لازمی ہے۔

کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز 2017 کے ریگولیشن 6 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 243 کے تحت کمپنی شیئر ہولڈر یا مجاز شخص کے شناختی نمبر (CNIC یا NTN) دستیاب نہ ہونے کی صورت میں شیئر ہولڈرز کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک سکتی ہے۔

لہٰذا ان انفرادی ممبران سے جنہوں نے اپنے کارآمد شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی ابھی تک کمپنی/شیئر رجسٹرار کے پاس جمع نہیں کروائی ہے، ان سے ایک مرتبہ پھر درخواست ہے کہ اپنے CNIC کی کاپی جلد از جلد شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کرادیں۔ کارپوریٹ اداروں سے درخواست ہے کہ وہ اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) فراہم کریں۔

## غیر دعویٰ شدہ نقدمنافع منقسمہ:

ان شیئر ہولڈرز کو، جو کسی بھی وجہ سے اپنے نقد منافع منقسمہ کا دعویٰ نہ کر سکے، ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنے غیر دعویٰ شدہ منافع منقسمہ، اگر کوئی ہے، کے حصول/ اس کے بارے میں معلومات کیلئے کمپنی کے شیئر رجسٹرار CDC سے فوری رابطہ کریں۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کی شرائط کی پیروی میں کمپنی ایسے تمام ڈیویڈنڈز جو اجراء کی تاریخ سے تین سال یا اس سے زیادہ مدت گزر جانے کے باوجود کلیم نہیں کئے گئے، تمام ضروری کارروائی مکمل کرنے کے بعد وفاقی حکومت کے پاس جمع کرادے گی۔

## آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کی بذریعہ ای میل اور بذریعہ CD/DVD/USB ترسیل:

نوٹیفکیشن ایس آر او نمبر 470(1)/2016 مورخہ 31 مئی 2016 کے مطابق، SECP نے (ای میل کے ساتھ) سالانہ بیلنس شیٹ اور نفع نقصان کے حسابات، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ وغیرہ (''آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس'') ممبران کو سالانہ اجلاس عام ("AGM") کے نوٹس کے ساتھ بذریعہ CD/DVD/USB ان کے رجسٹرڈ پتوں پر بھجوانے کی اجازت دی ہے۔

لہٰذا تمام ممبران کو، جو نوٹیفکیشن ایس آر او نمبر 470(1)/2016 کے مطابق آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس (سالانہ رپورٹ) مع AGM کے نوٹس کی ہارڈ کاپی منگوانا چاہتے ہوں، مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ اس کیلئے مقررہ درخواست فارم کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو بھجوادیں۔ یہ مقررہ درخواست فارم کمپنی کی ویب سائٹ (www.pakoxygen.com) پر دستیاب ہے۔ اگر کوئی ممبر مستقبل کی تمام آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس

اور AGM کے نوٹس، کی ہارڈ کاپی منگوانا چاہتا ہو، تو اس کی ترجیح کو اس مقررہ درخواست فارم میں درج کر لیا جائے گا۔

## سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کی کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیابی:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (7)223 کے مطابق کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس برائے سال مختتمہ 31 دسمبر 2019 کمپنی کی ویب سائٹ (www.pakoxygen.com) پر دستیاب ہے۔

## ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنے کیلئے رضامندی:

اگر کمپنی کو 10% یا اس سے زیادہ کے شیئرز کے حامل ممبرز کی جانب سے، جو کراچی سے باہر کسی جغرافیائی حدود میں رہتے ہوں، اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 7 دن پہلے اجلاس میں ویڈیو لنک کے ذریعہ شرکت کرنے کی درخواست موصول ہو جائے تو کمپنی اس شہر میں دستیابی سے مشروط ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کرے گی۔

کمپنی اجلاس عام کی تاریخ سے 5 روز قبل ممبرز کو ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام اور سہولت تک رسائی کیلئے مکمل معلومات فراہم کرے گی۔

ویڈیو لنک کی سہولت کے خواہشمند ممبرز درج ذیل دستخط شدہ فارم کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 7 دن پہلے بھجوا دیں۔

| ویڈیو کانفرنس کی سہولت کیلئے رضامندی |
| --- |
| میں/ہم/میسرز ____________ سکنہ ____________ بحیثیت ممبر پاکستان آکسیجن لمیٹڈ، رجسٹرڈ فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ____________ کے تحت ____________ عمومی شیئرز کا/ کے حامل ہوں/ ہیں، ____________ پر ویڈیو لنک کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہوں/ چاہتے ہیں۔<br><br>____________<br>دستخط ممبر(ز)<br><br>(کارپوریٹ ادارے کی صورت میں برائے مہربانی کمپنی کی مہر بھی ثبت کریں) |

## شیئر ہولڈرز کے سالانہ اجلاس عام کیلئے کورونا وائرس سے متعلق منصوبہ بندی:

عوامی اجتماعات پر حکومتی پابندیوں کے پیش نظر کمپنی ،سالانہ اجلاس عام کے انتظام سے متعلق اقدامات کرے گی جو کہ SECP کے سرکلر نمبر 5 بتاریخ 17 مارچ 2020 کے مطابق ہے۔اس سلسلے میں شیئر ہولڈرز کی سہولت کیلئے معلومات درج ذیل ہیں:

1) شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اجلاس عام کے مجوزہ ایجنڈا آئٹمز سے متعلق اپنی رائے/تجاویز سے بذریعہ ای میل، واٹس ایپ، یا دیگر کوئی الیکٹرانک طریقہ کار یا ڈاک آگاہ کریں۔تفصیلات درج ذیل ہیں:

| | |
|---|---|
| ای میل ایڈریس: | mazhar.iqbal@pakoxygen.com |
| واٹس ایپ نمبر: | +92 301 8221709 |
| موبائل نمبر: | +92 301 8221709 |
| آفس کار جسٹرڈ ایڈریس: | پاکستان آکسیجن لمیٹڈ، ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ، کراچی -74000 |

2) کمپنی کے شیئر ہولڈرز سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لئے بذریعہ ویڈیو لنک لاگ ان (Login) کر سکتے ہیں اور اجلاس میں شرکت کیلئے اپنے گھروں یا کسی مناسب مقام سے اپنے اسمارٹ فونز یا کمپیوٹر ڈیوائسز کے ذریعے سالانہ اجلاس عام کی کارروائی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

بذریعہ ویڈیو لنک سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے خواہاں شیئر ہولڈرز سے درخوات کی جاتی ہے کہ وہ اپنی تفصیلات سے کمپنی سیکریٹری کو اجلاس عام کے وقت سے کم از کم 24 گھنٹے پہلے درج ذیل ای میل پر آگاہ کریں:

**ای میل ایڈریس: mazhar.iqbal@pakoxygen.com**

لاگ ان کی سہولت مورخہ 21 اپریل 2020 کو صبح 9:00 بجے سے دستیاب ہوگی تا کہ شیئر ہولڈرز ٹھیک 10:00 بجے شروع ہونے والی کارروائی میں شریک ہوسکیں۔

شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنی تفصیلات درج ذیل طریقہ کار کے مطابق فراہم کریں۔ویڈیو لنک شیئر ہولڈرز کی جانب سے ذیل میں فراہم کئے گئے ای میل ایڈریس پر بھیجا جائے گا۔

| نمبر شمار | شیئر ہولڈر کا نام | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |
| | | | | | |

3) موجودہ صورتحال کے پیش نظر شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ پراکسی فراہم کریں۔

# کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت
# مطلوبہ بنیادی حقائق کا اسٹیٹمنٹ

## ایجنڈا آئٹم نمبر 3

ڈائریکٹرز کی رائے کے مطابق کمپنی کی مالیاتی پوزیشن اتنی مناسب ہے کہ ہر 10 عمومی شیئرز کیلئے 2 عمومی شیئرز کے حساب سے بونس شیئر کے اجراء کیلئے کمپنی کے غیر تخصیص شدہ منافع سے 65,100,672 روپے مخصوص کئے جائیں۔جن افراد کے نام 14 اپریل 2020 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک کمپنی کے ممبرز کے رجسٹر میں موجود ہوں گے، وہ درج بالا تناسب کے لحاظ سے مجوزہ بونس شیئرز کیلئے اہل قرار دیئے جائیں گے۔

اس سلسلے میں کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سفارش کی ہے کہ درج ذیل قرارداد کو بطور عمومی قرارداد پاس کیا جائے؛

طے پایا کہ:

(i) کمپنیز آرٹیکل آف ایسوسی ایشنز کے آرٹیکل 129 اور 130 کی پیروی میں کمپنی کے غیر تخصیص شدہ منافع (بمطابق 31 دسمبر 2019) میں سے 65,100,672 روپے (پینسٹھ ملین، ایک لاکھ چھ سو بہتّر روپے) کی سرمایہ کاری کی جائے اور کمپنی کے ممبرز کے درمیان، جن کے نام 14 اپریل 2020 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک ممبرز کے رجسٹر میں درج ہوں گے، مکمل اداشدہ 6,510,067 عمومی شیئرز بحساب ہر ملکیتی 10 شیئرز پر 2 بونس شیئرز اہل ممبرز کو تقسیم کیلئے جاری کر دیئے جائیں۔

(ii) یہ جاری ہونے والے بونس شیئرز ہر لحاظ سے کمپنی کے موجودہ شیئرز کی خصوصیات کے برابر ہوں گے۔

(iii) جزوی شیئرز کا استحقاق رکھنے والے ایسے ممبران جن کا استحقاق ایک شیئر سے کم ہوگا تو ایسے حصص کو بحیثیت مجموعی اسٹاک مارکیٹ میں فروخت کر دیا جائے گا اور اس سے حاصل ہونے والی رقم حصص یافتگان میں ان کے استحقاق کے تناسب سے تقسیم کی جائے گی۔

(iv) چیف ایگزیکٹیو آفیسر اور چیف فنانشل آفیسر اور/یا کمپنی سیکرٹری مشترکہ طور پر اور/یا کلی طور پر مجاز ہوں گے اور ہیں کہ اس قرارداد کو موثر بنانے کیلئے تمام عمل، امور اور کام انجام دیں اور قانونی، کارپوریٹ اور ضابطے کی کارروائی پوری کریں اور تمام ضروری، درست اور مطلوبہ دستاویزات/ریٹرنز جمع کرائیں۔

ڈائریکٹرز کی اس معاملے میں کوئی ذاتی دلچسپی نہیں ہے، سوائے اس کے کہ وہ شیئر ہولڈر کے طور پر بونس شیئرز کے حقدار ہیں۔

## ایجنڈا آئٹم نمبر 4

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی رائے میں کمپنی کا بورڈ آف ڈائریکٹرز اور اس کی کمیٹی (کمیٹیاں) خصوصاً بورڈ آف ڈائریکٹرز اور اس کی کمیٹیوں کے چیئرمین کاروبار اور کمپنی کے امور کی نگرانی اور انتظامیہ کو ہدایات اور مشورے فراہم کرنے کیلئے اپنے وقت کا بڑا حصہ صرف کرتے ہیں۔

اس کے علاوہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین اور بورڈ کی ہر کمیٹی کے چیئرمین بورڈ یا کمیٹی کی ضروریات کے مطابق قیادت کے ذمہ دار ہیں اور اس بات کو یقینی بنانے کے بھی ذمہ دار ہیں کہ بورڈ یا کمیٹی کیلیئے حسب ضرورت، اپنی ذمہ داریاں نبھانے میں موثر کردار ادا کرتے ہیں اور یہ کہ یہ عہدے ان کی اضافی ذمے داری ہیں جس کے لئے بورڈ کے چیئرمین اور ہر کمیٹی کے چیئرمین کیلیئے مختص وقت سے کہیں زیادہ وقت دینا پڑتا ہے۔

اس بناء پر کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی رائے میں کمپنیز آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 74 کے تحت ڈائریکٹرز کیلیئے قابل ادائیگی فیس صرف ایک فیس نہیں ہوسکتی اور مناسب یہ ہے کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین اور بورڈ کی ہر کمیٹی کے چیئرمین اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ہر ممبر اور بورڈ کی ہر کمیٹی کے ممبرز کو مختلف فیس ادا کی جائے جو ان کو سونپے گئے کام اور ذمہ داریوں کے لحاظ سے ہو۔

اس مقصد کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز نے تجویز دی ہے کہ 21 اپریل 2020 کو منعقد ہونے والے کمپنی کے سالانہ اجلاس عام کے نوٹس میں ایجنڈا کے آئٹم نمبر 4 میں درج قرارداد پر بطور خصوصی قرارداد غور کیا جائے اور اسے پاس کیا جائے تاکہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو بورڈ اور ہر کمیٹی کے ممبرز اور بورڈ کے چیئرمین اور بورڈ کی ہر کمیٹی کے چیئرمین کیلیئے علیحدہ فیس کے تعین کا اختیار حاصل ہو جائے۔

اس کیلیئے ایک مثال کے طور پر بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز ہے کہ یکم جنوری 2020 سے ڈائریکٹرز کو ڈائریکٹرز کی یا ڈائریکٹرز کی کسی بھی کمیٹی کے میٹنگ میں شرکت کیلیئے نان ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز اور خودمختار ڈائریکٹرز کو قابل ادائیگی فیس بالترتیب 50,000 روپے فی میٹنگ اور 75,000 روپے فی میٹنگ ہونی چاہئے جب کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین کو ڈائریکٹرز اور اس کی کمیٹیوں میں شرکت کی فیس 500,000 روپے فی میٹنگ ہو جو سالانہ 10 ملین روپے کی حد تک ہو۔ بورڈ وقتاً فوقتاً درج بالا فیسوں کا جائزہ لے گا ممبرز اور چیئرمین آف بورڈ اور بورڈ کی ہر کمیٹی کے چیئرمین کی فیسوں کا تعین اس وقت کی مناسبت سے کیا جائے گا۔

ڈائریکٹرز کو سالانہ ادا کی جانے والی فیس کو کمپنی کے سالانہ حسابات میں حسب ضرورت ظاہر کیا جائے گا۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبران وقتاً فوقتاً بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ذریعے طے شدہ میٹنگ فیس کی حد تک اس معاملے میں دلچسپی رکھتے ہیں اور ان میں سے ہر ایک کو ان کی ذمہ داریوں کے مطابق فیس ادا کی جائے گی۔